نسلی مساوات کو بڑھانے کے لئے
موجودہ اور منصوبہ بند اقدامات

قانون ساز کونسل(”LegCo“) سکریٹریٹ (دی سکریٹریٹ) LegCo کو قانون ساز کمیشن کی نگرانی میں انتظامی تعاون اور خدمات فراہم کرتی ہے۔ سکریٹریٹ کا مشن LegCo کو موثر اور ماہرانہ سکریٹریٹ اور تحقیقی اور انتظامی تعاون فراہم کرنا ہے، تاکہ کمیونٹی کے اندر LegCoکی سرگرمیوں کے سلسے میں آگاہی کو بڑھایا جائے اور شکایتوں کے ازالے لئے موثر طریقے کو یقینی بنایا جائے۔

سکریٹریٹ ملک کے تمام ہی لوگوں کو، قطع نظر ان کے علاقائی پس منظر کے، LegCo کے کام سے متعلق معلومات اوراس میں شمولیت تک یکساں رسائی یقینی بنانے کو بہت اہمیت دیتا ہے۔

متعلقہ خدمات

- مختلف نسل سے تعلق رکھنے والے ملک کے عوام اور نمائندگان کو عوام سے متعلق مسائل کے سلسلےمیں LegCo کی کمیٹی کے ذریعہ منعقد کئے گئے اجتماعات اور عوامی سماعتوں میں اپنی آراء کے اظہار کی سہولیت دینا
- مختلف نسل سے تعلق رکھنے والے ملک کے عوام اور نمائندگان کے ذریعہ چلنے والے LegCo کے شکایتی ازالے کے نظام کے تحت فراہم کی جانے والی خدمات تک رسائی میں سہولت دینا
- مختلف نسل سے تعلق رکھنے والے ملک کے عوام کے درمیان کے LegCoکے کام کو فروغ دینا

موجودہ کاروائی[1]

- انگلش یا چینی زبان سے (جیسا مناسب ہو) آٹھ دوسری زبانوں میں مثلا انڈونیشیائی زبان، ہندی، نیپالی، پنجابی، اردو، تلگو، تھائی اور ویتنامی اور بالعکس ترجمانی/ترجمہ کی خدمات ان کی درخواست پر فراہم کی جاتی ہیں:

- نمائندگان یا مختلف نسل سے تعلق رکھنے والے ملک کے عوام جو LegCo کے اجتماعات اور عوامی سماعت میں شرکت کرنے والے ہیں، یا کمیٹی کو تحریری گزارشات فراہم کرنے والے ہیں؛ اور
- مختلف نسل کے شکایت کنندگان جو LegCo کی ازالئہ شکایت کے نظام

---

[1] خاص حالات میں جیسے کہ COVID-19 وبائی مرض کا پھیلنا، سیکرٹریٹ مناسب طریقے سے کچھ اقدامات میں تبدیلی کر سکتا ہے۔

کے تحت طئے شدہ اجتماعات میں شرکت کرنے والے ہیں۔

- مرکز برائے ہم آہنگی اور نسلی اقلیتی رہاَشیوں کے فروغ کے ذریعہ جہاں ضروری اور مناسب ہو انگلش اور دوسری مذکورہ آٹھ زبانوں میں بلا قیمت تین طرفہ ٹیلی فونک ترجمانی کی خدمات کے انتظامات کئے جاتے ہیں تاکہ کے کمپلکس میں ان آنے والے لوگوں کے سوالات کے جوابات دئے جائیں اور ان کو سمجھا جاسکے جو یہ آٹھ زبان بولتے ہیں۔

- نسلی شمولیت سے متعلق لائبریری کے مواد LegCo کی لائبریری میں فراہم کئے جاتے ہیں تاکہ LegCo کے ممبران، سکریٹریٹ عملہ اور لائبریری استعمال کرنے والے دوسرے افراد مختلف نسلی گروپ سے متعلق مسائل کو بہتر طریقے سے سمجھ سکیں۔

- نسلی حساسیت اور ثقافتی تنوع کے بارے میں ٹرینگ سیکرٹریٹ کے عملے کے باقاعدہ تربیتی پروگراموں میں شامل ہے تاکہ مختلف نسل کے لوگوں کے ثقافات، خصوصی ضروریات اور خدشات کے بارے میں ان کی آگاہی اور حساسیت کو بڑھایا جا سکے۔

- انگلش، کینٹونیز اور پوٹنگوا میں کونسل کے سارے اجتماعات اور LegCo کمیٹی کے عوامی اجتماعات میں فوری ترجمہ کا نظم کیا جاتا ہے۔ ملک کے تمام ہی شہریوں کاLegCo کمپلکس کی عوامی گیلریز کے ذریعہ یا LegCo کی ویب سائٹ پر ویب کاسٹ کے ذریعہ ان اجتماعات کی کاروائی کا مشاہدہ کرنے کے لئے استقبال ہے ۔

- سکریٹریٹ کے ذریعہ تیار کئے گئے تمام ہی معلوماتی کتابچے اور سبھی نوٹسز LegCo کی ویب سائٹ پر چینی اور انگلش زبان میں موجود ہے۔

اضافی کاروائی کی جانی ہے

- سکریٹریٹ کے ذریعہ تیار کئے گئے خاص معلوماتی کتابچے اور نوٹسز انڈونیشیائی زبان، ہندی، نیپالی، پنجابی، اردو، تلگو، تھائی اور ویتنامی زبان میں ترجمہ کئے جائیں گے۔

مستقبل کے کام کا جائزہ

- سکریٹریٹ وقتا فوقتا ملک کے عوام کے ممبران اور سکریٹریٹ کے عملہ کی طرف سے آنے والے مشوروں اور آراء کو دھیان میں رکھتے ہوے اپنی خدمات اور تربیت کا جائزہ لیگا تاکہ اپنی خدمات میں مزید اضافہ کیا جاسکے۔

پوچھ تاچھ/سوالات

نسلی مساوات کو فروغ دینے کے سلسلے مِن سکریٹریٹ کے ذریعہ کی گئی کاروائی سے متعلق کسی بھی پوچھ تاچھ/ مشوروں کے لئے ملک کے عوام LegCo سکریٹریٹ کے سینیر کونسل سکریٹری (انتظامیہ) 2 سے فون نمبر3077 3919 یا ای میل (adm@legco.gov.hk) کے ذریعہ رابطہ کر سکتے ہیں۔

قانون ساز کونسل سکریٹریٹ
اپریل 2022